## سوال

کیا محدثین مقلد تھے ؟

## جواب

اس طرح کا سوال ایک صاحب نے کچھ یوں کیا ہے سوال : ماسٹر امین اوکاڑوی کی مطابق محدثین کے طبقات محدثین صرف چار ہیں ۔ حنفیہ ، شافعیہ ، مالکیہ ، حنبلیہ ۔ طبقات غیر مقلدین موجود نہیں ۔ کیا سب محدثین مقلد تھے ؟ جواب : کوئی پہنچی ہوئی سر کار جسکا ماسٹر صاحب سے رابطہ ہو ان سے یہ پوچھے کہ حنابلہ شوافع مالکیہ اور احناف کی پیدائش سے قبل کیا محدثین موجود نہ تھے ؟ ؟ ؟ نیز غیر مقلد تو دنیا کا کوئی لفظ ہی نہیں ہے مقلد کی ضد او رالٹ مجتہد ہوتی ہے نہ کہ غیر مقلد یہ بیچارے خود کو بڑے فقیہ سمجھتے ہیں لیکن آج تک یہ بات انہیں سمجھ نہیں آسکی کہ مقلد کی ضد کیا ہوتی ہے یا للعجب !!! اور محدثین میں سے کوئی بھی مقلد نہیں تھا !!! کیونکہ مقلد کبھی اہل الحدیث نہیں ہو سکتا مقلد تو جاہل ہوتا ہے جبکہ محدثین کے علم وفضل کی معترف ساری دنیا ہے ۔ تقلید تو کتاب وسنت کی مخالفت کا نام ہے جبکہ محدثین تو ساری زندگی کتاب وسنت کی حفاظت و موافقت میں صرف کرتے رہے ہیں ۔ مقلد مجتہد نہیں ہوتا جبکہ محدثین کی کتب میں تراجم ابواب انکے اجتہاد واستنباط کا منہ بولتا ثبوت ہیں ۔

**محدث فتویٰ کمیٹی**

دار الافتاء محدث